Roll No. ____________

Sl. No. of Q.P.: 3057

Unique Paper Code	:	2141302
Name of the Paper	:	Dastaan
Name of the Course	:	B.A. (H) Urdu
Semester	:	IIIrd
Duration	:	3 Hours
Maximum Marks	:	75

F-5

نوٹ : صرف پانچ سوالات کے جواب لکھئے۔سوال نمبر ایک لازمی ہے۔نمبر مساوی ہیں۔

1۔ ذیل میں سے صرف ایک حصے کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

(الف)

طبیب ہر ایک مسیحائی کرتا ہے۔قم باذنی کا دم بھرتا ہے۔ جسے دیکھا، بقراط، سقراط، جالینوس زمان ہے۔اس معنی میں، یہ خطہ رشکِ زمینِ یونان ہے۔میرک جان صاحب پیرنے کے فن سے ایسے آشنا ہوئے، کہ مردمِ بحر و بَر سرگرم ثنا ہوئے۔شاعر، زباں داں ایسے کہ عُرفی اور خاقانی کی غلطی بتائی۔فردوسی وانوری کی یاد بھلائی۔شیخ امام بخش ناسخ نے یہ ہندی کی چندی کی، اور روزمرّے کو ایسا فصیح و بلیغ کیا کہ کلام سابقین منسوخ ہوا۔

فُصحائے شیراز و اِصفہان، اس سیفِ زبان کا لوہا مان گئے۔اپنے فتح پر منفعل ہوئے اس زبان کا حُسن جان گئے۔زمین شعر کو آسمان پر پہنچایا۔سیکڑوں کو استاد بنایا۔خواجہ حیدر علی آتش کی آتش بیانی، شرر افشانی سے دل جلوں کے سینے میں سوز و گداز ہے۔شاعر ممتاز ہے۔

(ب)

وہ ماں جائی، میرا یہ حال دیکھ کر، بلائیں لے اور گلے مل کر بہت روئی۔تیل، ماش اور کالے ٹکے مجھ پر سے صدقے کیے۔کہنے لگی ''اگرچہ ملاقات سے بہت دل خوش ہوا، لیکن بھیا! تیری یہ کیا صورت بنی؟'' اس کا جواب میں کچھ نہ دے سکا۔آنکھوں میں آنسو، ڈبڈبا ہو کر چپکا ہو رہا۔بہن نے جلدی خاصی پوشاک سلوا کر حمام میں بھیجا۔نہا دھو کر وہ کپڑے پہنے۔ایک مکان اپنے پاس بہت اچھا، تکلف کا میرے رہنے کو مقرّر کیا۔صبح کو شربت اور لوزیات، حلوہ سوہن، پستہ مغزی ناشتے کو، اور تیسرے پہر میوے خُشک و تر، پھل پھلاری اور رات دن دونوں وقت پُلاؤ، نان قلیے، کباب تحفہ مزے دار منگوا کر اپنے روبرو کھلا کر جاتی۔سب طرح خاطر داری کرتی۔میں نے ویسی تصدیع کے بعد جو یہ آرام پایا، خدا کی درگاہ میں ہزار ہزار شکر بجالایا۔کئی مہینے اس فراغت سے گزرے، کہ پانو اُس خلوت سے باہر نہ رکھا۔

P.T.O

2۔ اردو داستان کی فنی خصوصیات پر روشنی ڈالیے؟

3۔ اردو نثر کی ترقی میں داستان کی اہمیت پر نوٹ لکھیے۔

4۔ فسانۂ ''عجائب'' اردو کی نمائندہ داستان ہے۔ بحث کیجیے۔

5۔ ''باغ و بہار'' کے لسانی محاسن پر تنقیدی مضمون قلمبند کیجیے۔

6۔ دوسرے درویش کی داستان اپنے الفاظ میں لکھیے۔

7۔ بندر کے قالب میں کون تھا۔ اس کی تقریر پر تنقیدی نوٹ لکھیے۔

8۔ رجب علی بیگ سرور کی داستان نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

9۔ میر امن کی داستان نگاری پر مضمون لکھیے۔